www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ﴾ لہٰذا آپ اپنے ربّ سے ایک جنت نہیں بلکہ دو جنتوں کی اُمید رکھیں۔ جامعہ محمدیہ اور جامعہ سلفیہ اسلام آباد آپ کا صدقہ جاریہ ہیں۔ ہزاروں علما و طلبا آپ کے روحانی فرزند ہیں اور وہ آپ کی مغفرت کے طلب گار رہتے ہیں۔ اللہ کا شکر ہے کہ آپ تادم آخریں اللہ کے سامنے سجدہ ریز رہے اور ہر جمعہ جامعہ محمدیہ میں ادا کرتے اور ضعف و کمزوری کی وجہ سے تسبیحاتِ رکوع و سجود اور ادعیہ تشہد بلند آواز سے پڑھنا شروع کر دیتے اور رو رو کر اللہ سے اپنے گناہوں کی معافی اور خطاؤں سے درگزر کا سوال کرتے اور پھر خادمین کے ہمراہ گھر چلے جاتے اور وہاں فرض نماز ادا کرتے وقت کسی کو اپنے پاس بلا لیتے، جو رکعات شمار کر کے بتلا دیتا کہ اب نماز پوری ہو گئی ہے۔ ان ایام میں آپ کے پوتے عزیزم حافظ محمد داؤد نے آپ کی بہت خدمت کی۔ اللہ سے دعا ہے کہ وہ آپ کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے۔

سَلَامُ اللهِ عَلٰی قَیْسِ بْنِ عَاصِمٍ وَرَحْمَتُه مَا شَاءَ أَنْ یَتَرَحَّمَا
مَا كَانَ هلكُ قيسٍ هلكَ وَاحِدٍ ولكن بنيان القوم تهدّما

مذکورہ بالا مضمون مرحوم کے سوانح اور کارہائے نمایاں سے زیادہ ان کی وفات حسرت آیات پر مضمون نگار کے تاثرات و جذبات کا بے ساختہ اظہار ہے۔ مولانا معین الدین لکھوی رحمۃ اللہ علیہ کے سوانح حیات کے لئے 'بزم ارجمنداں' از مولانا اسحٰق بھٹی اور مولانا محی الدین لکھوی رحمۃ اللہ علیہ کے حالاتِ زندگی کے لئے مولانا بھٹی حفظہ اللہ کی ہی کتاب 'قافلۂ حدیث' کا مطالعہ کریں، ان کتب میں دونوں مرحوم بھائیوں پر تفصیلی مضامین موجود ہیں۔ مُدیر

## رئیس الجامعہ کا سعودی عالمی کانفرنس میں سلفیت کے موضوع پر مؤثر خطاب

'محدث' کے مدیر اعلیٰ اور جامعہ لاہور اسلامیہ کے رئیس مولانا حافظ عبد الرحمٰن مدنی حفظہ اللہ گذشتہ ماہ سعودی عرب میں ہونے والی عالمی کانفرنس میں پاکستان کی نمائندگی کے لئے تشریف لے گئے۔ عالم اسلام کی عظیم ترین جامعہ، امام محمد بن سعود اسلامک یونیورسٹی کے زیر اہتمام، سعودی ولی عہد شہزادہ نائف بن عبد العزیز کی زیر سربراہی ۲۷،۲۸ دسمبر ۲۰۱۱ء کو الریاض میں السلفية: منهج شرعي و مطلب وطني کے عنوان سے ہونے والی عظیم الشان انٹرنیشنل کانفرنس میں جناب مدیر اعلیٰ نے عربی زبان میں تفصیلی خطاب کیا جسے خصوصی پذیرائی ملی اور بعد میں سعودی عرب کے قومی میڈیا نے آپ سے متعدد انٹرویوز میں آپ کے خیالات و نظریات کو بڑے پیمانے پر شائع کیا۔ مولانا مدنی کے خطاب کا اُردو ترجمہ اور آپ کے سعودی انٹرویوز کو 'محدث' کے آئندہ شمارے میں شائع کیا جائے گا۔ ان شاء اللہ ادارہ محدث



© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ